SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE
FOR IMMEDIATE RELEASE
NOVEMBER 5, 2016

ڈیٹ سکیورٹیزٹرسٹی ضوابط عوامی آراء کے لئے جاری کردئے گئے۔

اسلام آباد، ۵ نومبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے سکیورٹیز ایکٹ ۲۰۱۵ کے تحت ڈیٹ سکیورٹیزٹرسٹیز کے لئے ایک جامع انضباطی فریم ورک کے مسودے کی منظوری دے دی ہے۔ عوامی آراء کے لئے جاری کئے گئے ان مجوزہ ضوابط میں رجسٹریشن کو لائسنسنگ سے تبدیل کیا جارہاہے۔ سکیورٹیز ایکٹ کے تقاضوں کے مطابق لائسنس کی مدت تین سال سے کم کر کے ایک سال کی جارہی ہے۔ بینک، ترقیاتی مالیاتی ادارے اور سرمایہ کار مالیاتی کمپنیاں ان ضوابط کے تقاضوں پر ہمہ وقت کاربند رہنے کی شرط پر بطورِ ڈیٹ سکیورٹیزٹرسٹیز کام کر سکتی ہیں۔

ڈیٹ مارکیٹ کی ترقی میں سہولت فراہم کرنے کی غرض سے، ڈیٹ سکیورٹیزٹرسٹیز کو اس ڈیٹ کے اجرا میں جس کے لئے وہ بطورِ ڈیٹ سکیورٹیزٹرسٹی کام کر رہا ہو دس فیصد تک کی سرمایہ کاری کی اجازت دی گئی ہے۔ تاہم ایسی سرمایہ کاری اس شرط پر کی جاسکے گی کہ وہ ایسی سرمایہ کاری کو پختگی تک زیرِ تصرف رکھے گا۔ مزید برآں، سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لئے، کسی ڈیٹ سکیورٹی کی بحالی یا لائحہ عمل میں تبدیلی کی صورت میں بقیہ ڈیٹ سکیورٹیز کے حاملین کی دو تہائی اکثریت سے منظوری لینا لازم ہو گا۔ موجودہ ڈیٹ سکیورٹیزٹرسٹیز کو نئے ضوابط کی شرائط پرعمل درآمد کے لئے ایک سال کا وقت دیا جارہا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

فریم ورک کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ایس ای سی پی ۲۲ نومبر تک موصول ہونی والی تمام آراء پر غور کرے گا۔ای میل کے ذریعے آراء umair.ahmed@secp.gov.pk کو یا بذریعہ ڈاک ڈائریکٹر (پی آر پی ڈی)، سکیورٹیز مارکیٹ ڈویژن، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان، نویں منزل، این آئی سی بلڈنگ، جناح ایونیو، اسلام کو بھجوائی جاسکتی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254